نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

غیر معیاری کھادوں اور جعلی زرعی ادویات کا کاروبار کرنے والے کسی رعایت کے مستحق نہیں ان کو قانون کے مطابق کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے۔رانا علی ارشد ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس پنجاب)

لاہور:25 مارچ 2022( ) کھادوں اور زرعی ادویات کا غیر قانونی کاروبار کرنے والے والے افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں ان کو قانون کے مطابق کیفرِ کردار تک پہنچایا جائے۔پنجاب میں زرعی ٹاسک فورس مربوط نظام اور حکمت عملی کے تحت کام کر رہی ہے یہ ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب رانا علی ارشد نے راولپنڈی میں زرعی ٹاسک فورس کمیٹی کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کہی۔ان کا مزید کہنا تھا کہ گاؤں کی سطح تک دستیابی کو یقیناًنی بنانا ہر زرعی انسپکٹر کی ذمہ داری ہے۔اس کے ساتھ ساتھ کاشتکاروں کو آگاہی فراہم کرنے کے لیے میڈیا کا استعمال کیا جائے۔ان کا مزید کہنا تھا کہ غفلت برتنے والے ملازمین کے خلاف سخت قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ جعلی زرعی مداخل فروخت کرنے والے مافیہ کے خلاف آہنی ہاتھوں سے نمٹا جا رہا ہے اور اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کو قرار واقعی سزا دی جا رہی ہے ان اقدامات سے کاشتکاروں کو معیاری زرعی ادویات اور کھادوں کی فراہمی ہو سکے گی۔۔ایڈیشنل سیکرٹری (ٹاسک فورس) پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ پنجاب زرعی ٹاسک فورس نے شکایات درج کرانے کا نیا سسٹم متعارف کرایا ہے جو کہ زیرو کاسٹ کمپلینٹ سسٹم کہلاتا ہے۔جس کے ذریعے کاشتکار کسی بھی وقت وٹس ایپ نمبر 0300-2955539 پر اپنی شکایات بذریعہ پیغام یا ویڈیو بھیج سکتے ہیں اور اس پر کاروائی چوبیس گھنٹے کے اندر عمل میں لائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت پنجاب بھر میں زرعی مداخل (زرعی ادویات اور کھادوں) کا کوئی بحران نہیں ہے اور کاشتکاروں کو ان زرعی مداخل کی فراہمی کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔اجلاس کے موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے بخاری دائریکٹر زراعت توسیع نے بتایا کہ اس سال ربیع سیزن میں کھادوں کا ناجائز منافع خوری کرنے والے ڈیلروں کے خلاف 27 لاکھ 39 ہزار جرمانے کیے گئے اور تین افراد کو حراست میں لیا گیا۔اس وقت راولپنڈی ڈویژن میں کھادون کی دستیابی کو مسلسل چیک کیا جا رہا ہے۔شعبہ پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی کی طرف دے بریفنگ دیتے ہوئے ڈاکٹر خضر حیات اسسٹنٹ ڈائریکٹر شعبہ پیسٹ وارننگ اینڈ کوالٹی کنٹرول آف پیسٹی نے بتایا کہ اس مالی سال میں راولپنڈی ڈویژن میں غیر قانونی اور جعلی زرعی ادویات کے خلاف 21 چھاپے مارے گئے اور 16 لاکھ 29 ہزار 107 روپے کی جعلی اور غیر قانونی ادویات قبضے میں لی گئی۔

☆☆☆☆